# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز جمعرات مورخہ 26دسمبر 2019ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (2) محکمہ (ثانوی) تعلیم

(3) محکمہ ملازمتہائے عمومی نظم ونسق (4) محکمہ خوراک

☆170 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی 21نومبر 2019 کو مئوخر شدہ

کیا وزیر ثانوی تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں قائم کردہ ہائی اور مڈل اسکولوں کی کل تعداد کتنی ہے اور ان میں سے کتنے فعال اور غیر فعال ہیں نیز ان سکولوں میں تعینات پرنسپل/ہیڈ ماسٹر اور اساتذہ کے نام بمعہ ولدیت اور جائے تعیناتی کی تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر ثانوی تعلیم

ضلعی تعلیمی آفیسر واشک کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے بمطابق ضلع واشک میں قائم شدہ ہائی سکولوں کی تعداد 14 جبکہ مڈل سکولوں کی تعداد 12 ہے۔ اور یہ تمام اسکول فعال ہیں اور درس وتدریس کا عمل بھرپور انداز میں جاری ساری ہے۔ نیز ان اسکولوں میں تعینات پرنسپل/ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس اور ان میں کام کرنے والے اساتذہ کرام کے نام، ولدیت، عہدہ، گریڈ اور جائے تعیناتی کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆171 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی 21نومبر 2019 کو مئوخر شدہ

کیا وزیر ثانوی تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

واشک میں قائم کردہ بوائز پرائمری اور گرلز پرائمری اسکولوں کی کل تعداد کسقدر ہے نیز ان میں سے کتنوں کیلئے بلڈنگز قائم ہیں اور کتنے بغیر بلڈنگز کے ہیں نیز کیا حکومت بغیر بلڈنگ والے اسکولوں کیلئے بلڈنگ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل دی جائے اگر نہیں تو وجہ بتلائی جائے۔

## وزیر ثانوی تعلیم

ضلع واشک میں قائم بوائز پرائمری اور گرلز پرائمری اسکولوں کی تعداد ذیل ہے

1۔ بوائز پرائمری سکول 124

2۔ گرلز پرائمری سکول 38

3۔ کل پرائمری سکولز 162

4۔ بغیر بلڈنگ (Shelter-less) اسکولوں کی کل تعداد۔35 ہے

نیز یہ کہ ضلع واشک کے ساتھ ساتھ صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں بغیر بلڈنگ اسکولوں کے لئے بلڈنگ کی تعمیرات موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور مرحلہ وار اس سلسلے میں عملدرآمد کا پروگرام ہے۔

مالی سال 2019-20 میں اس سلسلے میں مختص کردہ رقم/ بجٹ کی تفصیل رواں مالی سال کے پہلے کوارٹر میں جاری ہونے کا امکان ہے۔لہٰذا اس کی تفصیل بعد ازاں پیش کر دی جائے گی۔

## ☆231 اختر حسین لانگو رُکن اسمبلی

کیا وزیر ملازمتہائے عمومی نظم و نسق ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت نے سرکاری مکانات کی الاٹمنٹ کی بابت باقاعدہ ایک پالیسی واضع کی ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو تفصیل دی جائے نیز مختلف سرکاری کالونیوں میں رہائش پذیر گریڈ 17 و بالا کے آفیسران کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ اور لوکل/ ڈومیسائل کی محکمہ وار تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر ملازمتہائے عمومی نظم و نسق

سرکاری مکانات کے الاٹمنٹ کے قانون سازی کے رولز نیز گریڈ 17 و بالا کے آفیسرز جو کہ سرکاری کالونی میں رہائش پذیر ہیں۔کی تفصیل بھی آخر پر منسلک ہے۔۔

## ☆232 نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی

کیا وزیر خوراک ازکرم مطلع فرمائیں گے کہ

فوڈ اتھارٹی کا قیام کب اور کن مقاصد کے لئے عمل میں لایا گیا اور اس کے قیام سے لیکر اب تک جرمانہ عائد کرنے کی مد میں کل کسقدر آمدنی حاصل ہوئی نیز مذکورہ اتھارٹی میں تعینات آفیسران اور اہلکاران کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ گریڈ

تعلیمی قابلیت تاریخ تعیناتی لوکل/ ڈومیسائل اورگریڈوار کے حساب سے ملنے والی اضافی تنخواہ کی تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیرخوراک

1۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا قیام:۔بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا قیام بلوچستان فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2014 کے تحت عمل میں لایا گیا ہے۔اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے مورخہ 04 مارچ 2019 سے باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے۔

2۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مقاصد:۔عوام کی صحت کے تحفظ اور صاف معیاری اشیاءخوردونوش کی فراہمی اور ان سے متعلقہ معاملات کے لئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اتھارٹی کے اختیارات وفرائض کی تفصیل مذکورہ ایکٹ 2014 کی دفعہ 07 میں درج ہے۔

دفعہ 7.(1 )فوڈ اتھارٹی محفوظ خوراک کی فراہمی کے لئے فوڈ بزنس کو ریگولیٹ اور مانیٹر کرے گی۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے علاوہ فوڈ اتھارٹی درج ذیل فرائض انجام دے گی۔

(a) اشیاءخوردونوش بشمول فوڈ بزنس،فوڈ لیبلنگ،فوڈ میں اضافی غذائی اجزاء سے متعلق معیار،طریقہ کار،طریقہ عمل، ہدایات اوران کے مناسب نفاذ کا نظام واضع کرے گی

(b) فوڈ لیبارٹریز کے قیام اور منظوری کے لئے طریقہ کار اور ہدایات وضع کرے گی

(c) سمپلنگ،نمونہ جات کے تجزیے اور نتائج کی ترسیل کا طریقہ کار وضع کرے گی

(d) لائسنسنگ،ممانعتی حکم نامہ، بازطلبی،اصلاحی نوٹسز،اور عدالتی چارہ جوئی کا طریقہ کار کی تشریح کرے گی۔

(e) اپنے ملازمین کی سروس کی شرط وضوابط کا تعین کرے گی۔

(f) فوڈ سے متعلق معاملات میں حکومت کو سائنسی مشاورات،اور ٹیکنیکل سپورٹ فراہم کرے گی۔

(g) فوڈ سے متعلقہ سائنسی اور ٹیکنیکل ڈیٹا حاصل کرے گی اور اس کا تجزیہ کرے گی۔

(h) فوڈ سیفٹی اور کوالٹی کنٹرول کو سہل بنانے کے لئے فوڈ اپریٹرز اور صارفین کے نیٹ ورک کا نظام قائم کرے گی۔

(i) فوڈ سیفٹی اوراسٹینڈرڈ کیلئے ٹریننگ پروگرامز کا انتظام کرے گی۔

(j) فوڈ سیفٹی اوراسٹینڈرڈ سے متعلق آگاہی عامہ کو فروغ دے گی۔

(k) حکومت کی پیشگی منظوری سے رجسٹریشن، لائسنسنگ اور دیگر خدمات کے لئے فیس عائد کرے گی۔

(l) ایکسپورٹ کے لئے اشیاء خوردونوش کی تصدیق کرے گی۔

(m) کوئی بھی دیگر وضع کردہ فریضہ انجام دے گی۔اور

(n) کوئی بھی ضروری کام جو اس ایکٹ کے تحت اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے ضروری ہو، کرے گی

3۔ فوڈ اتھارٹی مروجہ سائنسی اصولوں اور بہترین بین الاقوامی طریقہ کار کے مطابق اپنے فرائض ممکنہ حد تک ادا کریگی

دفعہ۔09. (1) فوڈ اتھارٹی ایک یا ایکا سے زائد سائنسی پینل قائم کریگی۔

دفعہ۔11. فوڈ اتھارٹی بذریعہ نوٹیفیکشن پبلک اینالسٹ کا تقرر ان علاقوں کے لئے کرے گی جس کا وہ اختیار دیگی

دفعہ۔12. فوڈ اتھارٹی بذریعہ نوٹیفیکشن فوڈ سیفٹی آفیسرز کا تقرر ان علاقوں کے لئے کرے گی جس کا وہ انہیں اختیار دیگی۔

دفعہ۔14. فوڈ اتھارٹی صوبائی محکمہ لالیات کی مشاورت سیا ورحکومت کی منظوری سے بذریعہ سرکاری گزٹ نوٹیفیکشن اپنے دیگر ملازمین کی تعداد، کیٹیگری، عہدے کا تعین کرے گی۔اوران کی ملازمت کے شرائط وضوابط وضع کر سکے گی۔

دفعہ۔15. فوڈ اتھارٹی بزنس کیلیئے لائسنسز کا اجرا کرے گی۔

دفعہ۔19. فوڈ اتھارٹی فوڈ پوائزننگ سے متعلق تمام واقعات کی اطلاع کیلیئےکسی بھی مقامی علاقے میں میڈیکل پریکٹیشنرز کی خدمات بذریعہ نوٹیفیکشن حاصل کر سکے گی۔

دفعہ۔21. فوڈ اتھارٹی نمونہ جات، اشیاء خوردونوش یا فوڈ سے متعلق آلات وبرتن وغیرہ کے تجزیے کیلیئے ایک فوڈ لیبارٹری قائم گی۔

(2) فوڈ اتھارٹی ذیلی دفعہ (1) میں شامل مقاصد کیلیئے کسی فوڈ لیبارٹری کو تسلیم کر سکے گی یا اس سے الحاق کر سکے گی۔

دفعہ۔46. فوڈ اتھارٹی ایک فوڈ اتھارٹی فنڈ قائم کرے گی۔

دفعہ۔47. فوڈ اتھارٹی کسی بھی شیڈ ولڈ بنک میں جس طرح وضع کیا گیا ہو یا وضع کرنے تک جیسے حکومت تعین کرے، اپنے اکاؤنٹس کھولے گی اور برقرار رکھے گی۔

دفعہ۔48. فوڈ اتھارٹی وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق اپنا سالانہ بجٹ منظور کرے گی۔

دفعہ۔50. فوڈ اتھارٹی حکومت کو مالی سال کے اختتام پر تین ماہ کے اندر اپنی سالانہ کارکردگی کی رپورٹ پیش کرے گی۔

دفعہ۔51. فوڈ اتھارٹی کچھ شرائط اور پابندیوں کے ساتھ جیسا کہ آرڈر میں واضح کی گئی ہوں اپنا کوئی اختیار کسی فرد کمیٹی یا ایک آفیسر کو ماسوائے درج ذیل اختیارات و فرائض کے، منتقل کرسکتی ہے:۔

(a) ریگولیشنز بنانے اور ان میں ترمیم کرنے۔

(b) کمیٹی کی تشکیل یا کمیٹی میں کسی خالی جگہ کو پر کرنا۔

(c) اشیاء خورد و نوش کے کسی پہلو سے متعلق معیارات، طریقہ کار، کاروائی اور ہدایات۔

(d) سالانہ رپورٹس، سالانہ بجٹ اور آڈٹ شدہ اکاؤنٹس منظور کرنا۔

دفعہ۔56. فوڈ اتھارٹی حکومت کی منظوری سے بذریعہ سرکاری گزٹ نوٹیفیکیشن اس ایکٹ کے مقاصد کو پایہء تکمیل تک پہنچانے کیلئے رولز (قوائد) بنا سکتی ہے۔

دفعہ۔57. فوڈ اتھارٹی بذریعہ سرکاری گزٹ نوٹیفیکیشن اس ایکٹ اور رولز کی دفعات سے مطابقت رکھتے ہوئے اس ایکٹ کے مقاصد کو پایہء تکمیل تک پہنچانے کیلئے ریگولیشنز (ضوابط) بنا سکتی ہے۔

ماہ مارچ 2019 تا کتوبر 019 کے دوران فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کیے گئے مختلف اپریشنز (چھاپوں) اور جرمانے کی مد میں حاصل ہونے والی آمدنی نیز مذکورہ اتھارٹی میں تعینات آفیسران واہلکاران اور انٹرنیز اور گریڈ کے حساب سے ملنے والی اضافی تنخواہ کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

سیکرٹری

بلوچستان صوبائی اسمبلی

کوئٹہ

مورخہ۔24/دسمبر 2019